Health Insurance Marketplace

# مخصوص آبادی کی خدمت انجام دینا تارکین وطن

معاونین کے لیے زود حقائق

**اس حقائق نامہ کا اطلاق ہوتا ہے اگر آپ:**

- ایک وفاقی لحاظ سے سہولت یافتہ مارکیٹ پلیس (FFM) اسٹیٹ پارٹنرشپ مارکیٹ پلیس (SPM) میں ایک نیویگیٹر، غیر نیویگیٹر اعانتی اہلکار ("بذات خود معاون") یا سرٹیفائڈ ایپلیکیشن کاؤنسلر (CAC) (مجموعی طور پر، ایک معاون) ہیں؛ اور/یا
- تارکین وطن درخواست دہندگان کی نگہداشت صحت اور کوریج کے اختیارات تلاش کرنے میں ان کی اعانت کر رہے ہیں۔

## وہ صارفین جو تارکین وطن ہیں: مجموعی جائزہ

بہت سارے تارکین وطن ہیلتھ انشورنس مارکیٹ پلیس (مارکیٹ پلیس) کے توسط سے یا میڈیکیڈ یا چلڈرنز ہیلتھ انشورنس پروگرام (CHIP) کے توسط سے ہیلتھ کوریج کے لیے اہل ہیں۔ میڈیکیڈ یا CHIP کا اہل قرار پانے کے لیے کسی صارف کا امریکی شہری یا امریکی باشندہ ہونا یا مارکیٹ پلیس کے توسط سے کوالیفائڈ ہیلتھ پلان (QHP) میں اندراج یافتہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ نئے ہیلتھ کوریج میں اندراج کروانے میں تارک وطن درخواست دہندگان کی مدد کرنے والے معاونین کو ان وفاقی اور ریاستی اصولوں سے واقف ہونا چاہیے جو مختلف نگہداشت صحت اور کوریج کے اختیارات کے لیے ان صارفین کی اہلیت کو متاثر کرتے ہیں۔ معاونین کو درخواست اور اندراج کی کارروائی کو بھی سمجھ لینا چاہیے تاکہ تارک وطن صارفین کو اپنی نگہداشت صحت کے کوریج کے اختیارات کی قدر پیمائی کرنے میں مدد ملے۔ اس کے علاوہ، معاونین کو ایسی اعانت فراہم کرنی چاہیے جو ثقافتی اور لسانی لحاظ سے مناسب ہو۔

اپنی ترک وطنی کی حیثیت اور دیگر اہلیتی معیار کے لحاظ سے، تارکین وطن مارکیٹ پلیس، میڈیکیڈ یا CHIP کے توسط سے ہیلتھ کوریج کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر، اگر صارفین اس ریاست میں میڈیکیڈ کے سبھی اہلیتی معیارات (جیسے آمدنی اور ریاستی اقامت) پر پورا اترتے ہوں تو میڈیکیڈ کسی ہنگامی طبی کیفیت کے معالجے کے لیے ادائیگی فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ کمیونٹی ہیلتھ سنٹرز (CHCs) اور مائیگرنٹ ہیلتھ سنٹرز (MHCs) ادائیگی کی اہلیت یا ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر، جامع ابتدائی نگہداشت پیش کرتے ہیں۔ تاہم، MHCs صرف تارک وطن اور فارم کے موسمی کارکنان اور ان کے خاندانوں کی خدمت انجام دیتے ہیں۔

معاونین کو ذیل کے عنوانات سے مانوس ہونا چاہیے جو تارک وطن صارفین پر مشتمل ہیں:

1. **مارکیٹ پلیس کی اہلیت:** جو تارکین وطن قانونی طور پر موجود ہیں اور مارکیٹ پلیس کے دیگر بنیادی اہلیتی تقاضوں کو پورا کرتے ہیں وہ مارکیٹ پلیس کے توسط سے کوریج کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ قانونی طورپر موجود تارک وطن کی صورتحال کے خلاصے کے لیے نیچے *وجۂ ثبوت 1 – مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل ترک وطنی کی حیثیت* دیکھیں۔ یہ درخواست دہندگان کچھ اضافی اہلیتی معیار، بشمول گھرانے کی آمدنی اور خاندان کے سائز کے لحاظ سے، مارکیٹ پلیس کے توسط سے مالی اعانت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

**وجۂ ثبوت 1 – مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل ترک وطنی کی حیثیت**

## قانونی طور پر موجود ترک وطنی کی حیثیت

### صرف مارکیٹ پلیس کی اہلیت کی حیثیت

- موزوں غیر تارک وطن کی حیثیت والے افراد (بشمول ورکر ویزا (جیسے **H1, H-2A, H-2B**)، اسٹوڈنٹ ویزا، **U** ویزا، **T** ویزا اور دیگر ویزے اور میکرونیشیا، مارشل جزائر اور پلاؤ کے شہری)
- ایسے پردیسی جن کے ویزا کی عرضیاں منظور ہو گئی ہیں اور حیثیت کے توافق کے لیے جن کے پاس زیر التواء درخواست ہو۔
- وہ افراد جنہیں ملازمت کا اجازت نامہ ملا ہے
- عارضی طور پر تحفظ یافتہ حیثیت (**TPS**)
- امریکہ میں پیرول پر رہا
- ڈیفرڈ ایکشن والی حیثیت (*استثناء*: ڈیفرڈ ایکشن فار چائلڈ ہوڈ ارائیولز [بچپن میں آمد کے لیے مؤخر کارروائی (**DACA**)] کو قانونی طور پر موجود نہیں مانا جاتا ہے۔
- ڈیفرڈ انفورسڈ ڈیپارچر [موخر جبری روانگی (**DED**)]
- ایسا بچہ جس کے پاس اسپیشل امیگرنٹ جوینائل (خصوصی تارک وطن نابالغ) کی حیثیت سے زیر التواء درخواست ہو
- کنوینشن اگینسٹ ٹارچر [اذیت کے خلاف اجتماع (**CAT**)] کے تحت دی گئی راحت
- قانونی طور پر عارضی مکین
- فیملی یونیٹی کے استفادہ کنندگان
- *میڈیکیڈ کی سبھی اہل حیثیتیں نیچے مندرج ہیں*

| میڈیکیڈ کی اہل حیثیت<br>(اگر سال 5 کی پابندی پوری ہوتی ہو)* | میڈیکیڈ کی اہل حیثیت<br>(سال 5 کی پابندی لاگو نہیں ہوتی ہے)** |
|---|---|
| • قانونی طور پر مستقل مکین (**LPR**/گرین کارڈ حامل)<br>• مشروط نووارد<br>• امریکہ میں **1** سال یا زائد کے لیے پیرول پر رہا<br>• زد و کوب کے شکار شریک حیات، بچہ یا والدین جن کے پاس **DHS** کے پاس ایک زیر التواء یا منظور شدہ عرضی ہو۔ | • انسانوں کی غیر قانونی تجارت سے بچنے والے افراد اور ان کے شریک حیات، بچے، بھائی بہن یا والدین<br>• قانونی طور پر مستقل مکین جس نے 5 سال کی پابندی سے مستثنی صورتحال سے ہم آہنگی اختیار کی<br>• سابق فوجی یا فعال ڈیوٹی ملٹری اور ان کے شریک حیات یا غیر شادی شدہ زیر کفالت افراد جن کے پاس "'کوالیفائڈ غیر شہری" حیثیت بھی ہو<br>• ریفیوجی<br>• پناہ گزیں<br>• کیوبائی / ہیشیئن نوواردین<br>• ملک بدری کی موقوفی یا اخراج کی موقوفی دی گئی<br>• وفاقی لحاظ سے تسلیم شدہ ہندوستانی قبیلہ کا ممبر یا کینیڈا میں پیدا شدہ امریکی انڈین<br>• مخصوص امیریشین تارکین وطن |

قانونی طور پر موجود تارک وطن کی مزید حیثیتوں کے لیے، ملاحظہ کریں: www.healthcare.gov/immigrants/immigration-status/***

* قانونی طور پر موجود تارک وطن کی اس حیثیت کو بتاتا ہے جس کو میڈیکیڈ کی اہلیت کے مقاصد سے کوالیفائڈ غیر شہری حیثیت مانا جاتا ہے۔

** قانونی طور پر موجود تارک وطن کی اس حیثیت کو بتاتا ہے جس کو میڈیکیڈ کی اہلیت کے مقاصد سے کوالیفائڈ غیر شہری حیثیت مانا جاتا ہے اور جومیڈیکیڈ کی 5 سال کی پابندی کے مستوجب نہیں ہیں

*** اس پروڈکٹ کا غیر ملکی ورژن اس وقت دستیاب نہیں ہے۔

یہ چارٹ ترک وطنی کی حیثیت سے متعلق پیچیدہ وفاقی صورتحال کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔ خلاصے کے طور پر، اس میں سبھی متعلقہ تفصیلات شامل نہیں ہیں۔ یہ اشاعت قانونی دستاویز نہیں ہے اور حقوق نہیں دیتی یا جوابدہی عائد نہیں کرتی ہے۔ یہ تحریری قانون یا ضوابط دونوں میں سے کسی کی بھی جگہ لینے کے ارادے سے نہیں ہے۔

2. **میڈیکیڈ یا CHIP کی اہلیت:** عام طور پر، جو افراد غیر شہری ہیں اور "کوالیفائڈ غیر شہری" والی ترک وطنی کی حیثیت رکھتے ہیں وہ میڈیکیڈ یا CHIP میں اندراج کروانے کے اہل ہیں، اگر وہ بصورت دیگر ریاست میں میڈیکیڈ یا CHIP کے لیے اہل ہیں (یعنی آمدنی اور ریاستی اقامت کے معیارکو پورا کرتے ہیں)۔ "کوالیفائڈ غیر شہری" کی ترک وطنی کی صورتحال کو اوپر *وجۂ ثبوت 1 – مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل ترک وطنی کی حیثیت* میں ایک ستارے کے نشان سے نشان زد کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، وفاقی قانون کا تقاضہ ہے کہ بہت سارے کوالیفائڈ غیر شہری Medicaid یا CHIP کے لیے اہل بننے سے پہلے پانچ سال کے عرصۂ انتظار کو بھی پورا کریں (جسے "پانچ سال کی پابندی") بھی کہا جاتا ہے۔ یہ پانچ سال کا عرصۂ انتظار اس وقت شروع ہوتا ہے جب صارفین کو ان کی اہل قرار پانے والی ترک وطنی کی حیثیت موصول ہوتی ہے، نہ کہ جب وہ پہلی بار ریاستہائے متحدہ میں داخل ہوئے۔ تاہم، بعض ترک وطنی کی حیثیتں رکھنے والے صارفین پانچ سال کے عرصۂ انتظار سے مستثنی ہیں۔ 5 سال کے عرصۂ انتظار سے مستثنی "کوالیفائڈ غیر شہری" کی ترک وطنی کی حیثیت (جیسے ریفیوجی، پناہ گزیں اور کیوبائی و ہوائی نووار دین) کو اوپر *وجۂ ثبوت 1 – مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل ترک وطنی کی حیثیت* میں دو ستارے کے نشان سے نشان زد کیا گیا ہے۔

*اہم بات:* کچھ ریاستوں نے میڈیکیڈ یا CHIP کے لیے کوریج کو بڑھا کر قانونی طور پر موجود بچوں اور/یا حاملہ خواتین کو شامل کیا ہے، اس بات سے قطع نظر کہ آیا انہیں "کوالیفائڈ غیر شہری" مانا جاتا ہے یا انہوں نے پانچ سال کا عرصۂ انتظار پورا کر لیا ہے، اگر وہ اس ریاست میں میڈیکیڈ یا CHIP کے لیے بصورت دیگر اہل ہوں۔

- یہ لنک دکھاتا ہے کہ کون سی ریاستیں قانونی طور پر موجود بچے اور/یا حاملہ خواتین کا احاطہ کرتی ہیں: http://www.medicaid.gov/medicaid-chip-program-information/by-topics/outreach-and-enrollment/lawfully-residing.html***
- اس لنک پر ہر ریاست کے میڈیکیڈ کے اہلیتی معیار پر معلومات موجود ہے: http://www.medicaid.gov/medicaid-chip-program-information/by-state/by-state.html***۔

میڈیکیڈ کی اہلیت کے بارے میں مزید خصوصی معلومات کے لیے، اس ریاست کا ڈراپ ڈاؤن مینو استعمال کرکے اپنی ریاست کے میڈیکیڈ سے اس پتے پر رابطہ کریں: https://www.healthcare.gov/medicaid-chip/eligibility/***۔

اگر غیر شہری میڈیکیڈ کے لیے اہل نہیں ہیں، یا تو اس وجہ سے وہ قانونی طور پر موجود تو ہیں لیکن ان کے پاس "کوالیفائڈ غیر شہری" کی ترک وطنی کی حیثیت نہیں ہے یا وہ "کوالیفائڈ غیر شہری" تو ہیں لیکن پانچ سال کا عرصۂ انتظار پورا نہیں کیا ہے تو، یہ غیر شہری صارفین مارکیٹ پلیس کے توسط سے مالی اعانت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ بصورت دیگر مارکیٹ پلیس کی اہلیت کے تقاضے پورا کرتے ہوں۔ اس کے علاوہ، میڈیکیڈ ہنگامی طبی کیفیات کے علاج کے لیے ہنگامی خدمات کی بھی ادائیگی فراہم کرتا ہے، اگر صارفین اس ریاست میں میڈیکیڈ کے دیگر سبھی اہلیتی اصولوں کو پورا کرتے ہوں لیکن ان کے پاس ایک اہل ترک وطنی کی حیثیت نہ ہو۔

3. **بغیر دستاویز والے تارکین وطن جو مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل نہیں ہیں:** بغیر دستاویز والے تارکین وطن مارکیٹ پلیس کے توسط سے کوریج میں، پوری لاگت پر بھی اندراج کروانے کے اہل نہیں ہیں، ویسے وہ مارکیٹ پلیس سے باہر کوریج خریدنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ میڈیکیڈ ہنگامی طبی کیفیات کے علاج کے لیے ہنگامی ہنگامی خدمات کی بھی ادائیگی فراہم کرتا ہے، اگر وہ فرد اس ریاست میں میڈیکیڈ کے دیگر سبھی اہلیتی اصولوں کو پورا کرتا ہو (جیسے آمدنی اور ریاستی سکونت) لیکن اس کے پاس ایک اہل ترک وطنی کی حیثیت نہ ہو۔ اس کے علاوہ، بعض ریاستوں میں، کچھ حاملہ خواتین ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر حمل کے دوران ہیلتھ کوریج حاصل کرنے کی اہل ہو سکتی ہیں۔

4. **ڈیفرڈ ایکشن فار چائلڈ ہوڈ ارائیولز (DACA) دیے گئے افراد جو مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل نہیں ہیں:** 15 جون 2012 کو جاری شدہ DHS کی رہنمائی کے تحت ڈیفرڈ ایکشن دیے گئے افراد مارکیٹ پلیس کے توسط سے کوریج خریدانے کے لیے اہل نہیں ہیں۔[1]

5. **قانونی طور پر موجود تارکین وطن رعایتی مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل ہو سکتے ہیں چاہے ان کی آمدنی وفاقی خط افلاس (FPL) سے نیچے ہو:** مالی اعانت کے لیے اہل ہونے کے واسطے بیشتر صارفین کا FPI کے 100% اور 400% کے بیچ سالانہ ٹیکس گھرانے کی آمدنی ہونا ضروری ہے۔ تاہم قانونی طور پر موجود جو تارکین وطن ترک وطنی کی حیثیت کی وجہ سے میڈیکیڈ کے لیے اہل نہیں ہیں وہ مالی اعانت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں اگرچہ ان کی آمدنی FPL کے 100% سے کم ہو۔

[1] یہ رہنمائی اشاعت کے وقت یا ویب پر اپ لوڈ کیے جانے کے وقت تازہ ترین تھی۔ اہلیتی پالیسیاں بار بار تبدیل ہو سکتی ہیں۔

## ترک وطنی کی حیثیت کی تصدیق اور توثیق کرنا

مارکیٹ پلیس کی درخواست میں درخواست دہندگان سے شہریت اور ترک وطنی کی حیثیت بارے میں بارے میں پوچھا جاتا ہے تاکہ ہیلتھ کوریج کے لیے اختیارات کا تعین کیا جائے۔ خاندان کے صرف ان افراد کے لیے جو کوریج کے لیے درخواست دے رہے ہیں شہریت اور ترک وطنی کی معلومات اکٹھا کی جاتی ہے اور مارکیٹ پلیس کے ذریعہ اس کی توثیق کی جاتی ہے۔ یہ معلومات صرف صارفین کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے استعمال کی جائے گی، اورترک وطنی کے نفاذ کے مقاصد کے لیے استعمال نہیں کی جائے گی۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم امریکی امیگریشن کسٹمز اینڈ انفورسمنٹ (ICE) کی جانب سے درج ذیل میمورنڈم (انگریزی اور ہسپانوی میں) دیکھیں: https://www.ice.gov/doclib/ero-outreach/pdf/ice-aca-memo.pdf***۔

### ملی جلی ترک وطنی کی حثیت والے گھرانے

معاونین کو اس بات سے واقف رہنا چاہیے کہ کچھ صارفین ملی جلی ترک وطنی کی حیثیت والے گھرانے میں رہتے ہیں، جو مختلف شہریت یا ترک وطنی کی حیثیتیں رکھنے والے افراد پر مشتمل گھرانے ہوتے ہیں۔ اس صورتحال میں، گھرانے کا ہر ممبر اپنی شہریت یا ترک وطنی کی حیثیت کی بنیاد پر صحت کوریج کے مختلف اختیارات کے لیے اہل ہو سکتا ہے۔

### خاندان کے ممبران کی جانب سے کوریج کے لیے درخواست دینا

معاونین کو اس بات سے واقف رہنا چاہیے کہ صارفین اپنے اہل زیر کفالت افراد کی جانب سے، اگر وہ بذات خود کوریج کے لیے نہ ہوں تو، کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

### خود اپنے لیے جامع ہیلتھ کوریج کے خواہاں صارفین

خود اپنے لیے جامع ہیلتھ کوریج کے خواہاں صارفین کو ایک اہل ترک وطنی کی حیثیت کا حامل ہونے یا شہری یا باشندہ ہونے کی توثیق کرنے کا اہل ہونا ضروری ہے، جس کی توثیق سوشل سیکیورٹی (SSA) ایڈمنسٹریشن اور/یا DHS کے توسط سے مارکیٹ پلیس کے ذریعہ کی جائے گی۔ جو صارفین ایک اہل ترک وطنی کی حیثیت کا حامل ہونے کی توثیق کرتے ہیں انہیں اپنی ترک وطنی کی دستاویز کی قسم اور اپنے پاس دستیاب سبھی دستاویز کے نمبر مارکیٹ پلیس کے ذریعہ کی گئی درخواست کے مطابق فراہم کرنا چاہیے (نیچے *وجۂ ثبوت 2 – ترک وطنی کی حیثیت کی توثیق کرنے کے لیے دستاویز کی قسم کے انتخاب کا اشارہ کرنے والی اسکرین* دیکھیں)۔ درخواست کے ساتھ اس معلومات کی فراہمی توثیق اور اہلیت کے تعین کی کارروائی کو تیز تر بناتی ہے اور افراد کے غیر ضروری پریشانیوں میں پڑنے کے امکان کو کم کرتی ہے، جیسا ڈیٹا میچنگ کی'غیر آہنگیاں" (نیچے بیان کیا گیا ہے)۔ جو صارفین امریکی شہری ہونے یا ایک اہل ترک وطنی کی حیثیت کا حامل ہونے کی توثیق نہیں کرتے ہیں انہیں مارکیٹ پلیس کے توسط سے ہیلتھ کوریج نہیں مل سکتا ہے، لیکن یہ جاننے کے لیے مارکیٹ پلیس کی ایک درخواست دے سکتے ہیں کہ آیا وہ ہنگامی طبی کیفیات کا معالجہ یا بعض ریاستوں میں حامل خواتین کے لیے میڈیکیڈ کے توسط سے خدمات حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ اپنی ریاست میں میڈیکیڈ یا CHIP کے لیے دیگر اہلیتی معیار پورے کرتے ہوں۔

### صارفین اپنے خاندان کے افراد کے لیے، خود اپنی اہلیتی حیثیت سے قطع نظر مارکیٹ پلیس، میڈیکیڈ یا CHIP کے توسط سے کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

مثلاً، امریکی شہریوں کے بغیر دستاویز والے والدین درخواست دائر کرنے والے کی حیثیت سے اپنے بچوں کی جانب سے کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس صورت میں، درخواست دائر کرنے والا یہ تصدیق کر رہا ہے کہ خاندان کا جو ممبر کوریج کے لیے درخواست دے رہا ہے وہ ایک امریکی شہری ہے یا اس کے پاس ایک اہل ترک وطنی کی حیثیت ہے۔ خاندان کے دوسرے ممبران کے لیے درخواست دینے اور خود کے لیے کوریج کا خواہاں نہیں ہونے پر، دراخواست دائر کرنے والوں سے خود اپنی شہریت یا ترک وطنی کی حیثیت کے بارے میں معلومات فراہم کرنا مطلوب نہیں ہوتا ہے، اس کے بجائے ان سے صرف کوریج کے خواہاں خاندان کے ممبران کے لیے شہریت اور ترک وطنی کی معلومات فراہم کرنا مطلوب ہوتا ہے۔ ان کی درخواست پر درج معلومات کو امیگریشن انفورسمنٹ کے مقاصد کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا۔ اگر ان درخواست دائر کرنے والوں کو توثیق کی کارروائی میں مدد کی ضرورت پڑتی ہے تو وہ مارکیٹ پلیس کال سنٹر کو کال کر سکتے ہیں۔

**وجۂ ثبوت 2 – ترک وطنی کی حیثیت کی توثیق کرنے کے لیے دستاویز کی قسم کے انتخاب کا اشارہ کرنے والی اسکرین[2]**




## شناخت اور اہلیت کی معلومات

جب صارفین کوریج کے لیے درخواست دیتے ہیں تو مارکیٹ پلیس کو ان کی شناخت نیز ان کے بارے میں دیگر ایسی معلومات کی توثیق کرنی ہوتی ہے جو اس کوریج اور مالی اعانت کا تعین کریں جن کے لیے وہ اہل ہو سکتے ہیں۔ شناخت کی توثیق کو "شناخت (ID) کا اثبات" کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اور یہ صارفین کی ذاتی معلومات کا تحفظ یہ یقینی بناکر کرتا ہے کہ ہر درخواست دہندہ وہی ہے جیسا اس کا دعوی ہے، نیز فریب کارانہ طریقے سے مارکیٹ پلیس اکاؤنٹ کی تخلیق اور دوسرے صارف کے علم کے بغیر اس کے نام سے ہیلتھ کوریج کے لیے درخواست دینے کو روکتا ہے۔ ID کا اثبات مارکیٹ پلیس کی درخواست کے لیے اہم ہے اور ID کے اثبات کے غیر حل شدہ معاملے صارفین کو ان لائن درخواست مکمل کرنے سے روک سکتے ہیں۔ ID کا اثبات مکمل کرنے کے لیے، صارفین اپنی ذات کے بارے میں ذاتی معلومات درج کرتے ہیں، جیسے وہ کہاں رہتے ہیں یا کہاں پر ان کا بینک کھاتہ ہے۔ (براہ کرم مزید معلومات کے لیے نیچے *اہلیت اور اندراج کے چیلنجوں کو حل کرنے کے لیے نکات* دیکھیں۔)

## ڈیٹا میچنگ کے مسائل

ڈیٹا میچنگ کے مسائل کو "غیر آہنگیاں" بھی کہا جاتا ہے اور یہ اس وقت ہوتا ہے جب صارف اپنی مارکیٹ پلیس کی درخواست میں ایسی معلومات درج کرتا ہے جو SSA کے ریکارڈز یا انٹرنل ریونیو سسٹم (IRS) کے ڈیٹابیس جیسے بھروسہ مند مآخذ سے مارکیٹ پلیس کے پاس موجود ڈیٹا سے مماثل نہ ہو۔ ڈیٹا میچنگ کے مسائل کی سب سے عمومی قسم کا تعلق آمدنی، شہریت یا ترک وطنی کی معلومات سے ہوتا ہے۔ صارفین درخواست دینے کے بعد مارکیٹ پلیس سے خود کو موصولہ اہلیتی نوٹس چیک کرکے معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا اس کے ساتھ ڈیٹا میچنگ کے مسائل ہیں۔ اگر کسی صارف کے ساتھ ڈیٹا میچنگ کے مسائل ہیں تو اہلیت کے نوٹس میں مذکور ہوگا کہ "مارکیٹ پلیس کو مزید معلومات بھیجیں"۔ صارفین کو نوٹس پر بیان کردہ مقررہ وقت کے اندر اس درخواست کا جواب دینا اور ڈیٹا میچنگ کے مسائل کو حل کرنا ضروری ہے ورنہ ان کا اندراج ختم کر دیا جائے گا۔ سبھی مطلوبہ دستاویزات الیکٹرانک طریقے سے صارف کے HealthCare.gov اکاؤنٹس پر اپ لوڈ کرنا غیر آہنگیوں کو حل کرنے کے لیے ترجیحی اور انتہائی مؤثر مناسب ہے۔ صارفین کے پاس اپنی دستاویزات کی کاپیاں براہ راست مارکیٹ پلیس کو ڈاک سے بھی بھیجنے کا اختیار ہوتا ہے۔

[2] براہ کرم نوٹ کرلیں کہ اس پیشکش میں شامل کردہ معلومات کلی طور پر توضیحی ہے۔ سلائیڈز میں اسکرین شاٹس مع نام اور/یا مخصوص جاری کنندگان/منصوبے شامل ہیں۔ ان اسکرین شاٹس کا مقصد مثالیں فراہم کرنا ہے۔ پیش کردہ نام فرضی ہیں اور جاری کنندہ/منصوبے کے ڈسپلے شدہ نام اتفاقی طور پر منتخب کیے گئے ہیں۔ ان مثالوں میں ذاتی طور پر قابل شناخت معلومات شامل نہیں ہے اور وہ کسی مخصوص جاری کنندگان/منصوبوں کی تائید نہیں کرتی ہیں۔

معاونین کو چاہیے کہ صارفین کو اپنی اہلیت کے نوٹسز بغور پڑھنے کی ترغیب دیں تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ وہ جمع کرواتے ہیں:

- وہ سبھی معلومات جو طلب کی گئی ہے؛
- درست دستاویزات، اگر قابل اطلاق ہو؛ اور
- اندراج گروپ کے درست ممبر کے لیے معلومات۔

مثلاً، مارکیٹ پلیس درخواست دائر کرنے والے کے علاوہ کسی فرد کے لیے اضافی معلومات طلب کر سکتا ہے۔ اندراج گروپ کے درست ممبر کے لیے سبھی درست معلومات اور دستاویزات جمع کروانے سے، اگر قابل اطلاق ہو، مارکیٹ پلیس کو ڈیٹا میچنگ کے مسائل حتی الامکان جلد سے جلد حل کرنے میں مدد ملے گی۔

وہ صارفین جو اضافی معلومات جمع نہیں کرواتے ہیں یا *درست* فرد کے لیے *درست* معلومات جمع نہیں کرواتے ہیں وہ مارکیٹ پلیس کے توسط سے اپنے کوریج سے محروم ہونے کا جوکھم اٹھاتے ہیں۔ ترک وطنی کی حیثیت یا شہریت کی غیر آہنگیوں والے صارفین کو دو انتباہی نوٹس ملیں گے: مسئل کو حل کرنے کی ان کی آخری سے 60 پہلے ایک نوٹس اور 30 پہلے ایک نوٹس۔ انتباہی نوٹس کی موضوع والی سطر کو یوں پڑھا جائے گا "اہم: اپنا مارکیٹ پلیس کوریج یا آپ کے مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے ادائیگی آپ کو موصول ہوتے رہنے میں مدد برقرار رکھنے کے لیے ذیل میں درج تاریخ تک جواب دیں۔" ہر ایک نوٹس میں قابل قبول دستاویزات کی فہرست اور انہیں بھیجنے کی ہدایات شامل ہوتی ہیں، جو صارفین کو بغور پڑھ کر یہ یقینی بنانا چاہیے کہ وہ درست معلومات جمع کرا رہے ہیں۔ صارفین کو ان کے ڈیٹا میچنگ کے مسائل حل کرنے کی ان کی آخری تاریخ سے 14 دن پہلے ایک کال بھی موصول ہوگی۔

## معاونین اندراج کی کارروائی میں تارکین وطن کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔

درج ذیل بہترین طرز عمل سے معاونین کو ان تارک وطن صارفین سے بات کرنے میں مدد مل سکتی ہے جو خود اپنے لیے یا کسی اور کی جانب سے ہیلتھ کوریج کے خواہاں ہیں:

- جو صارفین تارکین وطن ہیں انہیں رازداری اور اخفاء کے بارے یقین دہانی والے پیغامات دینے سے شروع کریں، خاص طور پر ان کی شہریت یا ترک وطنی کی حیثیت اور سوشل سیکیورٹی نمبرز (SSNs) کے بارے میں۔ صارفین کو بتا دیں کہ ان کی فراہم کردہ معلومات ترک وطنی کے قوانین یا پالیسیاں نافذ کرنے کے لیے سرکاری ایجنسیوں کے ذریعہ استعمال نہیں کی جائیں گی۔
- ترک وطنی کی اہل حیثیتوں اورترک وطنی کی قابل قبول دستاویزات کے بارے میں معلومات کا صارفین کے ساتھ اشتراک کریں تاکہ انہیں یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملے کہ ان کے خاندان کا کون فرد ہیلتھ کوریج کے لیے درخواست دینے کا اہل ہو سکتا ہے۔
- صارفین کو ترک وطنی سے متعلق غیر منفعتی وکلاء کا حوالہ دینے کو تیار رہیں تاکہ جن صارفین کو یقینی طور پر یہ معلوم نہیں ہے کہ آیا وہ ترک وطنی کی اہل حیثیتیں رکھتے ہیں انہیں مدد ملے یا انہیں ترک وطنی کی دستاویزات حاصل کرنے میں مدد ملے اگر وہ دستاویزات ان کے پاس آمادگی کی حد تک دستیاب نہ ہوں۔
- ہیلتھ کوریج کے لیے درخواست دے رہے صارف یا صارفین سے یہ پوچھ کر صحیح سے ان کی نشاندہی کرنے کا یقین کر لیں کہ آیا وہ اپنے لیے یا کسی اور کی جانب سے ہیلتھ کوریج کے خواہاں ہیں۔
- معاونین کو یہ یقینی بنانے میں مدد کرنا چاہیے کہ زبان یا ثقافتی رکاوٹیں مارکیٹ پلیس کی درخواست اور اندراج کی کارروائی کی بابت صارفین کی سمجھ بوجھ میں خلل نہیں ڈالتی ہیں۔ زبانی ترجمان یا ترجمہ شدہ مواد مارکیٹ پلس کال سنٹر کے توسط سے بلا معاوضہ دستیاب ہیں اور معلومات کو پوری طرح سے قابل رسائی اور قابل فہم بنانے کے واسطے انہیں طلب بھی کیا جا سکتا ہے۔ معاونین کو ان خدمات تک رسائی حاصل کرنا اور اگر ضروری ہو تو درخواست دہندگان یا ان کے خاندان کے ممبروں کو فراہم کرنا چاہیے۔ چونکہ یہ خدمات مفت ہیں لہٰذا کسی درخواست دہندہ یا اس کے خاندان کے ممبر پر کوئی چارج نہیں ہونا چاہیے۔
- اگر صارفین انگریزی کے علاوہ دوسری زبانیں بولتے ہیں اور دوسری زبان میں ذاتی اعانت حاصل کرنا چاہیں تو وہ مارکیٹ پلیس کو 1-800-318-2596 پر کال کر سکتے ہیں۔ صارفین کو وضاحت کے ساتھ بتا دیں کہ مارکیٹ پلیس بلا معاوضہ دوسری زبانں میں اعانت فراہم کرتا ہے۔ آپ انگریزی کے علاوہ دوسری زبان میں مدد پیش کرنے والے شخصی معاون ک تنظیمیں تلاش کرنے کے لیے "مقامی مدد تلاش کریں یا HealthCare.gov کا استعمال کر سکتے ہیں۔ https://localhelp.healthcare.gov/۔

## اہلیت اور اندراج کے چیلنجوں کو نمٹانے کے لیے نکات

تارک وطن صارفین کی مدد کرتے وقت، معاونین کو درج ذیل امکانی چیلنجوں سے واقف رہنا چاہیے:

- معاونین کو تارک وطن صارفین کے لیے عمومیت رکھنے والے آمدنی کے مختلف مآخذ سے واقف رہنا چاہیے، بشمول وہ موسمی کارکنان جن کی کوئی مقرر آمدنی، غیر ملکی آمدنی یا خود اپنے کاروبار سے آمدنی نہیں ہوتی ہے۔ آمدنی کی یہ مختلف قسمیں بیمہ کی استطاعت پذیری کے ان پروگراموں کے لیے اہلیت کو متاثر کرتی ہیں جو ہیلتھ کوریج کی قیمت کو کم کردیتے ہیں۔
- معاونین کو یہ نشاندہی کرنے میں صارفین کی مدد کرنی چاہیے کہ کون سی دستاویزات انہیں اپائنٹمنٹ پر اپنے ساتھ لانا چاہیے اور قابل قبول دستاویزی شہادت کی مثالیں دینی چاہیے (جیسے SSN کارڈ، پرمانٹ ریزیڈنٹ کارڈ یا "گرین کارڈ"، ملازمت کی اجازت دہندگی کا کارڈ یا ریفیوجی کارڈ)۔ یہ کام اس وقت ہو سکتا ہے جب صارفین اپائنٹمنٹ طے کرنے کے لیے کال کریں، لیکن آؤٹ ریچ ایونٹس میں پرچوں، بروشرز یا دیگر ہینڈ آؤٹس کے ساتھ یہ وضاحت کرکے بھی کیا جا سکتا ہے کہ اندراج کروانے کے لیے کون سی دستاویزی شہادت درکار ہے۔ قابل قبول دستاویزی شہادت کی فہرست کے لیے ملاحظہ کریں: https://www.healthcare.gov/immigrants/documentation/***۔
- معاونین کو یہ یقینی بنانا چاہیے کو صارفین کو معلوم ہے کہ شہریت اور ترک وطنی کی حیثیت کی دستاویزی شہادت صرف کوریج کے لیے درخواست دینے والوں کے واسطے لازمی ہے، نہ کہ گھرانے کے دوسرے ممبران کے لیے۔
- معاونین کو چاہیے کہ صارفین کو ترک وطنی کی وہ سبھی معلومات شامل کرنے کی ترغیب دیں جو آن لائن درخواست پر مطلوب ہے، اگر دستاویز کی قسم اور نمبر معلوم اور دستیاب ہو۔ اس سے یہ امکان بڑھ جائے گا کہ صارفین کی ترک وطنی اور شہریت کی حیثیت کی کامیابی کے ساتھ توثیق ہو جائے گی۔
- معاونین کو اس امر سے واقف رہنا چاہیے کہ ممکن ہے صارفین کو یہ معلوم نہ ہو کہ آن لائن اندراج کروانے کے لیے انہیں ایک ای میل اکاؤنٹ رکھنا ہوتا ہے۔ ای میل اکاؤنٹ ترتیب میں صارفین کے ساتھ کام کرنے کے لیے فاضل وقت تفویض کیے جانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ صارفین مارکیٹ پلیس کو 1-800-318-2596 پر کال کرکے فون پر بھی اندراج کروا سکتے ہیں۔
- معاونین کو ایک ایسا فارم تیار کرنے پر غور کرنا چاہیے جسے صارفین اس طرح کی معلومات کے ساتھ پُر کر سکیں:
  - اپنے HealthCare.gov اکاؤنٹ کی معلومات؛
  - ایک اشارہ جو انہیں یاد دلائے کہ ان کا پاس ورڈ کیا ہے؛
  - ان کے صحت بیمہ منصوبہ کے بارے میں تفصیلات، بشمول ان کے پریمیم کی رقم، کٹوتیاں اور ضمنی بیمہ؛ اور
  - کوئی دیگر معلومات جس سے صارفین کو اپنی نگہداشت صحت کے کوریج کے بارے میں اہم معلومات تیار رکھنے میں مدد ملے گی۔

  معاون کے نام اور رابطہ کی معلومات کے ساتھ یہ معلومات ایک شیٹ پر فراہم کرنے سے صارفین کو کوئی سوالات درپیش ہونے پر انہیں اپنے معاون سے رابطہ کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس معلومات کو ایک اشاریہ یا بزنس کارڈ میں بھی ملخص کیا جا سکتا ہے جسے صارفین اپنے بٹوے میں ڈال سکتے ہیں۔
- تارکین وطن کو درخواست کے ID کے اثبات والے حصے کی تسلی کرنے میں مسائل پیش آ سکتے ہیں کیونکہ انہیں ID کے اثبات کے لیے مطلوب کریڈٹ کی سرگزشت رکھنے کا امکان کم ہوتا ہے۔ معاونین کو ID کے اثبات کی کارروائی، بشمول انہیں درپیش ہو سکنے والے کسی چیلنجوں میں صارفین کی اعانت کرنے کو تیار رہنا چاہیے۔ ID کا اثبات مکمل کرنے کے لیے، صارفین کو اس طرح کے عنوانات پر سوالوں کا جواب دینا ہوگا:
  - جن حالیہ اور گزشتہ جگہوں پر وہ رہے ہیں ان جگہوں کے پتے؛
  - حالیہ اور گزشتہ آجروں کے نام؛ اور
  - جو رہن، کریڈٹ کارڈ اور/یا لون انہوں نے لے رکھے ہیں ان کے بارے میں معلومات۔

امکانی سوال کے زمرے کی ایک پوری فہرست تلاش کریں۔ https://marketplace.cms.gov/outreach-and-education/your-marketplace-application.pdf***۔

CMS صارفین کی درخواست کی معلومات کی توثیق کرنے کے لیے ایکسپیریئن اور ایکویفکس جیسی کریڈٹ رپورٹنگ ایجنسیوں کا استعمال کرتا ہے تاکہ وہ ان کے کریڈٹ اسکورز چیک کرتے وقت CMS سے ایک انکوائری فارم دیکھ سکیں۔ یہ CMS انکوائری صارفین کے کریڈٹ اسکورز پر اثر نہیں ڈالتی ہے۔

- صارفین کو ڈیٹا میچنگ کے جو مسائل صارفین کو درپیش ہو سکتے ہیں ان میں ان کی مدد کرنے کو تیار رہنا چاہیے۔ معاونین کو چاہیے کہ صارفین کو اپنی اہلیت کے نوٹسز، نیز انہیں موصولہ کوئی یاد دہانی والے نوٹسز بغور پڑھیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ وہ اندراج گروپ کے درست ممبر کے لیے درست معلومات جمع کراتے ہیں۔ صارفین کو اپنا مارکیٹ پلس اکاؤنٹ چیک کرکے یہ بھی تعین کرنا چاہیے کہ آیا ان کے کوئی غیر حل شدہ ڈیٹا میچنگ کے مسائل ہیں یا نہیں، جہاں پر "درخواست کی تفصیلات" کے تحت سبھی غیر حل شدہ غیر آہنگیوں کی ایک فہرست ہوگی۔ جن صارفین کو مارکیٹ پلیس کے پاس اپنے جمع کرائے ہوئے دستاویزات کی حیثیت کے بارے میں سوالات درپیش ہوں وہ مارکیٹ پلیس کال سنٹر کو کال کر سکتے ہیں۔
- معاونین کو اس امر سے واقف ہونا چاہیے کہ ڈیٹا میچنگ کے مسائل والے صارفین اب بھی وہ مسئلہ حل ہونے سے پہلے کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر ترک وطنی یا شہریت کے ڈیٹا میچنگ کے صارفین کے مسائل حل نہیں ہو پاتے ہیں تو وہ مارکیٹ پلیس کے توسط سے کوریج کے لیے اہلیت سے محروم ہو سکتے ہیں۔ اگر آمدنی کے ڈیٹا میچنگ کے صارفین کے مسائل حل نہیں ہو پاتے ہیں؛ تو انہیں انہیں اپنے پریمیم ٹیکس کریڈٹس کی ترمیم اور لاگت میں اشتراک میں تخفیف کا سامنا ہو سکتا ہے۔

## تارک وطن صارف کی اہلیت کا منظرنامہ

ایوا اور اڈان سانتوز، دونوں کی عمر 28 سال ہے، شادی شدہ ہیں اور حال ہی میں ان کی ایک بچی سیرینا ہوئی ہے جس کی پیدائش امریکہ میں ہوئی تھی۔ اڈان اس سال ایک شہری بن گیا۔ ایوا قانونی طور پر مستقل مکین بننے کے لیے درخواست دے رہی ہے اور اڈان نے اس کی جانب سے ویزا کی عرضی جمع کرائی جو ستمبر میں منظور ہو گئی تھی۔ ان کی سالانہ گھریلو آمدنی $24,000 یا FPL کا 121% ہے۔ اڈان اور ایوا مشترکہ طور پر ٹیکس بھرتے ہیں اور سیرینا کے ایک زیر کفالت بچی ہونے کا دعوی کرتے ہیں۔ ایوا ہیلتھ کوریج میں اپنے پورے خاندان کا اندراج کروانے میں مدد کے ایک معاون کے پاس پہنچتی ہے لیکن اسے یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ آیا وہ سبھی اہل ہیں۔ سانتوز کے گھرانے کے لیے اہلیت کی تعیین کیا ہوگی؟ کیا اڈان، ایوا اور سیرینا ایک ہی قسم کے کوریج میں اندراج کروا سکیں گے؟

**جواب:** اڈان، ایوا اور سیرینا اپنی مختلف شہریت کی حیثیت کی وجہ سے ایک ہی قسم کے کوریج میں اندراج نہیں کروا سکیں گے۔ اندراج کے لیے ان کی اہلیت اس بات پر بھی منحصر ہوگی کہ آیا وہ ایسی ریاست میں رہتے ہیں جس نے میڈیکیڈ کوریج کی توسیع کی ہے۔ سانتوز کے گھرانے کے لیے اہلیت کی تعین ذیل کے مطابق ہوگی:

- اڈان: ایک امریکی شہری کی حیثیت سے، اڈان امکانی طور پر مارکیٹ پلیس کے توسط سے QHP میں اندراج کروانے کا اہل ہو سکتا ہے اور وہ میڈیکیڈ کے لے اہل ہو سکتا ہے۔ اگر اس کی ریاست نے میڈیکیڈ کی توسیع FPL کے 138% تک کر دی ہے تو اڈان کی آمدنی اسے میڈیکیڈ کوریج کے لیے اہل قرار دیتی ہے۔ نوٹ کریں کہ میڈیکیڈ کی توسیع والی ریاست میں، اڈان مارکیٹ پلس کے توسط سے APTC یا CSRs کے لیے اہل نہیں ہوگا۔ اگر اڈان میڈیکیڈ کی عدم توسیع والے ملک میں رہتا ہے اور مارکیٹ پلیس کے توسط سے کوریج میں اندراج کراتا ہے تو اڈان امکانی طور پر مارکیٹ پلیس کے توسط سے APTC اور CSRs کے لیے اہل ہو سکتا ہے۔
- ایوا: ایوا کو قانونی طور پر موجود مانا جاتا ہے اور اس لیے وہ مارکیٹ پلیس کوریج کے لیے اہل ہو سکتی ہے۔ ایوا کو ابھی تک میڈیکیڈ کی اہلیت کے مقاصد کے لیے "کوالیفائڈ غیر شہری" نہیں مانا جاتا ہے۔ اگر ایوا مارکیٹ پلیس کے توسط سے کوریج میں اندراج کراتی ہے تو وہ مارکیٹ پلیس کے توسط سے APTC اور CSRs کے لیے اہل ہو سکتی ہے۔
- سیرینا: چونکہ سیرینا کی پیدائش امریکہ میں ہوئی تھی لہذا وہ ایک شہری ہے اور میڈیکیڈ کے لیے اہل ہے، اگر بصورت دیگر وہ اس ریاست میں اہلیتی معیار پورا کرتی ہو۔

## اضافی وسائل

**مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں:**

**HealthCare.gov:** تارک وطن خاندانوں کو کیا جاننے کی ضرورت ہوتی ہے[1]
**Marketplace.CMS.gov:** تارکین وطن کے لیے معلومات[2]***
**Marketplace.CMS.gov:** مارکیٹ پلیس کی درخواست پر شہریت اور ترک وطنی کے سوالات[3]

1 ***https://www.healthcare.gov/what-do-immigrant-families-need-to-know/
2 ***https://marketplace.cms.gov/technical-assistance-resources/special-populations-help.html
3 ***https://marketplace.cms.gov/technical-assistance-resources/citizenship-questions-on-marketplace-application.pdf

***اس پروڈکٹ کا غیر ملکی ورژن اس وقت دستیاب نہیں ہے۔